**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**29- نومبر 2021**

# پریس ریلیز

## آئی ایم ایف کے مطالبات پر ملکی مفادات کو تج نہ کیا جائے۔

**لاہور(پ ر)** آئی ایم ایف کے مطالبات پر ملکی مفادات کو تج نہ کیا جائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ مشیر خزانہ شوکت ترین کا یہ بیان انتہائی خطرناک ہے کہ آئی ایم ایف کے پروگرام کی بحالی کے لیے پاکستان پر جن پانچ اقدامات کی شرط لگائی گئی ہے اُن کی تکمیل کرنا پڑے گی۔ ان اقدامات میں سٹیٹ بینک ترمیمی بل 2021ء کی منظوری، ٹیکس چھوٹ کا خاتمہ اور بجلی وغیرہ کے ٹیرف میں اضافہ بھی شامل ہیں۔ اُنھوں نے سٹیٹ بینک ترمیمی بل کی منظوری کو ملکی مفاد کے خلاف قرار دیا۔ علاوہ ازیں ٹیکس چھوٹ ختم کرنے اور بجلی وغیرہ کے ٹیرف میں اضافہ کرنے پر شدید ردّ عمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پہلے ہی عوام کمر توڑ مہنگائی سے بُری طرح پِس رہے ہیں۔ اِن دو اقدامات سے مزید مہنگائی ہو گی جس سے عوامی ردّ عمل سامنے آنے پر ملک کے امن وامان کو بھی خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ حکمرانوں کو یہ فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ پاکستان ایک اسلامی ایٹمی ملک ہونے کی وجہ سے طاغوتی قوتوں کو بُری طرح کھٹکتا ہے۔ لٰہذا بین الاقوامی اداروں سے معاہدات طے کرتے ہوئے حکومت کو ملکی سلامتی اور عوامی مفادات کا پورا خیال رکھنا چاہیے تاکہ دشمن قوتیں مالی امداد کی آڑ میں پاکستان کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہ ہو جائیں۔

**جاری کردہ**

**ایوب بیگ مرزا**
**مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 29 November 2021**

## “The national interests of Pakistan must not be sacrificed at the altar of the demands and conditions of the IMF.”

**Lahore (PR): “The national interests of Pakistan must not be sacrificed at the altar of the demands and conditions of the IMF.”**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that the statement given by the Advisor to the PM on Finance and Revenue, Shaukat Tarin, that Pakistan will have to fulfill all five ‘prior actions’ set forth by the IMF as a prerequisite to resume the $6 billion Extended Fund Facility of the IMF (IMF Program) is alarmingly perilous. The Ameer stated that these ‘prior actions’ include passing the State Bank of Pakistan (Amendment) Bill 2021, Withdrawal of tax exemptions and increasing the energy tariffs. The Ameer said that any attempt made to get the State Bank of Pakistan (Amendment) Bill 2021 passed from the parliament would be against the national interests of Pakistan. Moreover, the Ameer emphasized while expressing his apprehensions, that withdrawing tax exemptions and increasing energy tariffs would only result in further increase in the already ridiculous level of inflation in the country, which is making the masses suffer badly; and remarked that any reaction of the masses to such steps could jeopardize the law-and-order situation in the country. The Ameer asserted that our rulers must never forget that the malevolent powers of the world see the Islamic nuclear state of Pakistan as a thorn in their sides. The Ameer concluded by stating that it is, therefore, imperative that the government constantly keeps the national interests and the benefit of the masses at the fore while negotiating agreements with international organizations so that the enemy powers do not succeed in harming Pakistan in the guise of ‘monetary assistance’.


Issued by
**Ayub Baig Mirza**
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan